ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان

,Green Pakistan - پاکستان گرین,Snippets

زرعی یونیورسٹی ملتان اور مینگو ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے اشتراک سے سیلاب سے متاثرہ آم کے باغات کی بحالی کے مؤثر طریقوں کے موضوع پر ورکشاپ سے شرکاء خطاب کرتے ہوئے

rki.news

پریس ریلیز 09اکتوبر 2025
زرعی یونیورسٹی ملتان اور مینگو ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے اشتراک سے لطف آباد فارم پر سیلاب سے متاثر آم کے باغات کی بحالی کے مؤثر طریقوں کے موضوع پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ورکشاپ کا بنیادی مقصد حالیہ سیلاب سے متاثر آم کے باغات کی بحالی کے لیے جدید اور عملی انتظامی اقدامات کو فروغ دینا تھا۔اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر آصف علی (تمغہ امتیاز) اور ڈاکٹر آصف الرحمن (چیف سائنٹیسٹ مینگو ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان) نے اس بات پر زور دیا کہ سیلاب زدہ باغات کی بحالی کے لیے سائنسی بنیادوں پر منظم انتظامی طریقہ اپنانا ناگزیر ہے تاکہ آم کی پیداوار کو بحال اور بہتر بنایا جا سکے۔تکنیکی سیشن کے دوران مسٹر عاطف اقبال اور مسٹر عابد حمید خان (سائنٹیفک آفیسران، مینگو ریسرچ انسٹیٹیوٹ) نے باغات کے درست انتظام، نکاسی آب، مٹی کی بحالی، اور درختوں کی دیکھ بھال سے متعلق عملی رہنمائی فراہم کی۔ورکشاپ میں رانا آصف حیات،ملک جہانزیب دھرال، میجر (ر) طارق خان اور شہزاد صابر (ڈائریکٹر زراعت توسیع، ملتان) اور یونیورسٹی فیکلٹی نے بھی شرکت کی اور اپنے قیمتی تجربات شرکاء کے ساتھ شیئر کیے۔ورکشاپ کے اختتام پر ماہرین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ کسانوں، محققین، اور محکمہ زراعت کے مابین قریبی تعاون ہی سیلاب زدہ آم کے باغات کی پائیدار بحالی کی ضمانت ہے۔
ریاض احمد گوراج
ترجمان زرعی یونیورسٹی ملتان

Post Date: October 10, 2025 PDF Created On: Tue, Oct 14 2025 12:38:37 pm

Read This Post On RKI Website